2023 ریئل ایسٹیٹ ٹیکس تجزیے کی معلومات

قانون کے مطابق ضروری ہو گا کہ فیئرفیکس کاؤنٹی 1 جنوری تک اپنی 100 فیصد منصفانہ مارکیٹ ویلیو پر تمام ریئل ایسٹیٹ کا تجزیہ کرے۔

رہائشی پراپرٹیاں
2022 کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران فیئرفیکس کاؤنٹی کے علاوہ شمالی ورجینیا اور یو ایس میں بھی طلب رسد سے زیادہ تھی۔ تاہم موسم گرما اور خزاں کے دوران مورگیج کی شرحوں میں اضافے سے سالانہ قدر میں اضافے کی شرح گری، مگر یہ مثبت رہی۔ **2022 کے اختتام تک اوسط سطح پر گھر فروخت کرنے کی قیمتیں ابھی تک گزشتہ 12 ماہ سے زائد تھیں۔** یہ 2023 کے تجزیے کا تعین کرنے کی مرکزی بنیاد تھی۔

کمرشل پراپرٹیاں
اگرچہ 2022 میں عالمی وبا جاری رہی، فیئرفیکس کاؤنٹی میں کمرشل ریئل ایسٹیٹ پر اس کے اثرات میں کمی جاری رہی۔ تاہم مجموعی طور پر گزشتہ سال کی نسبت قیمتوں میں کم اضافہ ہو ہے، جبکہ چند اقسام کی پراپرٹی کی قیمتیں دراصل کم ہوئی ہیں۔

ریئل ایسٹیٹ ٹیکسز: جاننے کے لئے اہم تاریخیں

3 اپریل - اپنے تجزیے پر انتظامی اپیل کرنے کی آخری تاریخ

1 مئی - ٹیکس ریلیف کی درخواست کرنے کی آخری تاریخ

9 مئی - بورڈ آف سپروائزرز آفیشل ریئل ایسٹیٹ ٹیکس کی شرحیں طے کرے گا

1 جون - بورڈ آف ایکوئلائزیشن کے پاس اپنے تجزیے پر اپیل دائر کرنے کی آخری تاریخ

اواخر جون - ریئل ایسٹیٹ ٹیکس بلوں کی پہلی قسط ارسال کی جائے گی

28 جولائی - ریئل ایسٹیٹ ٹیکسز واجب الادا ہوں گے: پہلی قسط

نومبر کا آغاز - ریئل ایسٹیٹ ٹیکس بلوں کی دوسری قسط ارسال کی جائے گی

5 دسمبر - ریئل ایسٹیٹ ٹیکسز واجب الادا ہوں گے: دوسری قسط

- اختتام -

اپنے تجزیے پر اپیل دائر کرنا

اگر آپ درج ذیل وجوہات کے باعث اپنی پراپرٹی کے تجزیے سے متفق نہیں:

- اس کا منصفانہ مارکیٹ ویلیو سے زائد تجزیہ کیا گیا
- یکساں پراپرٹیوں کے موازنے میں ایک جیسا تجزیہ نہیں کیا گیا
- اس میں آپ کی پراپرٹی کے ریکارڈ کے متعلق غلطیاں ہیں

پہلے www.fairfaxcounty.gov/taxes/real-estate پر اپنی پراپرٹی کی تفصیلات اور آپ کے تجزیے کے تعین میں زیر غور لائی گئی قابل موازنہ فروخت کردہ پراپرٹیاں دیکھیں۔

پھر ہماری تجویز ہے کہ آپ اپنے سوالات یا خدشات کے متعلق کسی کاؤنٹی تشخیص کار سے بات کریں۔

آپ 3 اپریل تک اپنے تجزیے پر انتظامی اپیل دائر کر سکتے ہیں یا 1 جون تک بورڈ آف ایکوئلائزیشن کو اپیل دے سکتے ہیں۔ تجویز دی جاتی ہے کہ بورڈ آف ایکوئلائزیشن کے سامنے اپیل دائر کرنے سے پہلے انتظامی اپیل دائر کی جائے۔

www.fairfaxcounty.gov/taxes/real-estate پر مزید جانیں اور اپیل فارمز تلاش کریں یا 703-222-8234 TTY 711 پر کال کریں۔

اپنے شیڈول پر مدد حاصل کریں

فون یا ویڈیو کے ذریعے مدد کے لئے اپائنٹمنٹ لیں۔ وقت لینے کے لئے یہ کیو آر کوڈ اسکین کریں یا www.fairfaxcounty.gov/taxes/appointments ملاحظہ کریں۔

فیئرفیکس کاؤنٹی محکمہ برائے ٹیکس ایڈمنسٹریشن، ریئل ایسٹیٹ ڈویژن 12000 گورنمنٹ سنٹر
پارک وے، سوئیٹ 357
فیئرفیکس، VA 22035

ٹیلیفون: 703-222-8234، TTY 711 (انگریزی/Español)
ای میل: dtared@fairfaxcounty.gov
سوموار - جمعہ صبح 8 تا شام 4:30 بجے

اس معلومات کی متبادل شکل میں درخواست کرنے کے لئے محکمہ برائے ٹیکس ایڈمنسٹریشن سے 703-222-8234 TTY 711 پر رابطہ کریں۔

فیئرفیکس کاؤنٹی ورجینیا کی اشاعت۔ فروری 2023۔